پریس ریلیز

گوجرانوالہ 20 جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سے آئے مختلف محکموں کے 19 ویں گریڈ کے تربیتی افسران سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ ملک وقوم کو سنوارنے، اقتصادی اور معاشی بحرانوں سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اقتصادی ماہرین سے قریبی رابطے استوار کریں تاکہ ملک وقوم کو جلد از جلد ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کیا جا سکے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اپنی ذمہ داریوں کے پوری ایمانداری کے ساتھ پورا کرنا ہوگا۔سائل کا مسئلہ اگر آپ کی توجہ سے حل ہوا تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کسی کیلئے آسانیاں پیدا کریں گے آپ کی مشکلات کا ازالہ خود بخود ہو جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینئر مینجمنٹ ٹریننگ کورس کے افسران پر مشتمل 16 رکنی وفد سے خطاب کے دوران کیا۔ان افسران کی قیادت محمد مسعود احمد چیف انسٹرکٹر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اسلام آباد نے کی۔اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم، سابق صدور اخلاق احمد بٹ ،خواجہ ضرار کلیم، رانا شہزاد حفیظ،سعید احمد تاج، شیخ نعمان صلاح الدین،عمر اشرف مغل، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل، سابق نائب صدر محمد اظہر اسلم، شیخ قیصر امین جموں والے کے علاوہ ممتاز تاجروں وصنعتکاروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ کی صنعت میں اتنا پوٹینشل موجود ہے کہ اگر ہماری انڈسٹری کو حکومت کیطرف سے بزنس فرینڈلی اور لانگ ٹرم پالیسیاں مہیا کر دی جائیں تو ہم انڈیا، چائنہ تو کیا پوری دنیا سے مقابلہ کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔انہوں نے تربیتی افسران کے وفد کو گوجرانوالہ چیمبر کی حسن کارکردگی سے نہ صرف آگاہ کیا بلکہ گوجرنوالہ کی صنعتی اہمیت پر تفصیلی ویڈیو بھی دکھائی۔دوران میٹنگ افسران نے انڈسٹری اور گوجرانوالہ چیمبر کے حوالے سے مختلف سوالات بھی کئے جن کے بارے میں ان کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔